صاحبزادی | خدمت گزار | غلّہ | بسر کرنا | ایثار

# بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا

بی بی فاطمہؓ بڑی نیک خاتون تھیں۔ وہ پیغمبر اسلام حضرت محمد ﷺ کی صاحبزادی تھیں اور حضورﷺ اُنہیں بہت چاہتے تھے۔ بی بی فاطمہؓ کی شادی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ہوئی تھی، اور اِن کے دو بیٹے امام حسن رضی اللہ عنہ اور امام حسین رضی اللہ عنہ تھے۔

بی بی فاطمہؓ بڑی خدمت گزار اور محنتی تھیں۔ اپنے شوہر اور بچوں کی خدمت کے علاوہ گھر کے تمام کام اپنے ہاتھوں سے کرتی تھیں، کھانا پکاتیں، برتن صاف کرتیں، جھاڑو دیتیں، اور اپنے ہاتھوں سے چکّی میں آٹا پیستیں۔ اس سے ان کے ہاتھوں میں گٹّے پڑ گئے تھے۔

اُن کی زندگی بڑی تکلیف سے بسر ہوتی تھی۔ لیکن انہوں نے دولت کی کبھی خواہش نہیں کی۔ گھر میں کھانا نہ ہوتا تو وہ فاقہ کرلیتیں جب بھی موقع ملتا وہ غریبوں کی مدد کرتیں۔ کئی بار ایسا ہوا کہ وہ اور ان کے بچّے فاقے سے ہیں، کھانے کا کچھ سامان مہیّا ہوا، لیکن اسی وقت کسی غریب یا مسافر نے گھر پر آ کر کھانے کا سوال کر دیا۔ بی بی فاطمہؓ نے کھانا اس غریب کے حوالے کر دیا، اور خود ان کے یہاں فاقہ ہی رہا۔ حضرت محمد ﷺ اپنی بیٹی کا

    

بہت خیال کرتے تھے۔ جب کبھی باپ سے ملنے آتیں، حضور ﷺ اپنی چادر بچھا کر بی بی فاطمہؓ کو بٹھاتے تھے۔ حضرت محمد ﷺ کو اُن سے بہت محبت تھی۔

بی بی فاطمہؓ سے ملنے کے لیے عرب کی عورتیں آتی رہتی تھیں۔ بی بی فاطمہؓ انہیں ایمانداری، خدمت گزاری اور محبت بھرے برتاؤ کی تعلیم دیتی رہتی تھیں۔ اُن کے ایثار اور قربانی نے لوگوں کے دلوں کو موہ لیا تھا اور سب اُن کی عزت کرتے تھے۔ عورتیں اپنی اپنی مصیبت اور پریشانی کے وقت اُن سے مدد مانگنے اور صلاح لینے کے لیے آتی تھیں۔ بی بی فاطمہؓ انہیں کبھی مایوس نہ کرتی تھیں۔

بی بی فاطمہؓ کی زندگی سے نصیحت ملتی ہے کہ صبر و سکون کے ساتھ اپنے گھر والوں اور اپنے پڑوسیوں، سبھی کی خدمت کرنی چاہیے اور غریبی یا فاقے میں کوئی شکایت نہیں کرنی چاہیے۔

(ماخوذ)

## ۱. پڑھیے اور سمجھیے

| | | |
|---|---|---|
| خاتون | : | معزز عورت |
| صاحبزادی | : | بیٹی |
| غلّہ | : | اناج |

    

| | | |
|---|---|---|
| بسر کرنا | : | گزارنا |
| ایثار | : | قربانی |
| دل کو موہ لینا | : | اپنا کر لینا۔ دل جیت لینا |
| احترام | : | عزّت |

## ۲. سوچیے اور بتایئے:

☆ بی بی فاطمہؓ کون تھیں؟

☆ بی بی فاطمہؓ کے بیٹوں کے نام کیا تھے؟

☆ فاقے کے دوران بی بی فاطمہؓ کے ساتھ کئی بار کیا واقعہ پیش آیا؟

☆ بی بی فاطمہؓ عرب کی عورتوں کو کیا تعلیم دیتی تھیں؟

## ۳. حصّہ (الف) اور حصّہ (ب) کو ملا کر صحیح جملے بنایئے:

| الف | ب |
|---|---|
| بی بی فاطمہؓ بڑی | حضرت علیؓ سے ہوئی تھی |
| بی بی فاطمہؓ عورتوں کو | بیٹی کا بہت خیال کرتے تھے |
| حضرت محمد ﷺ | ایمانداری اور خدمت گزاری کی تعلیم دیتی تھیں |
| بی بی فاطمہؓ کی شادی | حضرت محمد ﷺ کی صاحبزادی تھیں |
| بی بی فاطمہؓ | خدمت گزار تھیں |







## ۴. مندرجہ ذیل الفاظ کے واحد اور جمع بنائیے :

نبیؐ ۔ صحابہ۔ خواتین ۔ تکلیف ۔ اوقات

## ۵. نیچے دیے گئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے

محنتی ............................................

چکّی ............................................

ایمانداری ............................................

قربانی ............................................

پریشانی ............................................

## ٦. ہاں یا نہیں میں جواب دیجیے

☆ بی بی فاطمہؓ کے دو فرزند تھے۔ (    )

☆ اُن کی زندگی آرام سے بسر ہوتی تھی ۔ (    )

☆ بی بی فاطمہؓ سے ملنے عرب کی عورتیں آتی رہتی تھیں۔ (    )

☆ بی بی فاطمہؓ عورتوں کی مدد کرتی تھیں ۔ (    )

## ۷. ’’بیٹی کی عظمت‘‘ کے عنوان پر دس جملے لکھیے







## اعادہ، سبق ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲:

اساتذہ بچوں کے املاء اور ذخیرۂ الفاظ کو جانچنے کے لیے اُن سے یہ مشق کروائیں

**I. درج ذیل الفاظ کے معنی لکھ کر اِن کو جملوں میں استعمال کیجیے:**

ہرا۔گاڑی۔محتاج۔مقدس۔اجزاء۔آلودہ۔غلہ۔خاتون

**II. ذیل میں دیے گئے انگریزی الفاظ کو اُردو میں لکھیے**

Engine, Signal, Ticket, Guard, Duty,Whistle, Motor Man, Station

**III. درج ذیل مصادر سے اسم حالیہ بنائیے**

بولنا۔مسکرانا۔ہنسنا۔کھیلنا۔چلنا۔سونا

**IV. درج ذیل الفاظ کے ضد لکھیے**

رنج۔فانی۔آلودہ۔مضر۔کھرا۔نیک

**V. تذکیر و تانیث کیجیے**

والد۔بہن۔نوکر۔دھوبن۔ٹھاکر